سبق-4

سبزی والا

سبزی والا سبزی لایا

سبزی لے لو سبزی لے لو

آلو، گوبھی اور ٹماٹر گاجر، مولی اور چقندر

میتھی، پالک، بیگن، توری ہری مُلائم بھنڈی، گوبھی

ہر گھر پر آواز لگائی

سبزی لے لو سبزی لے لو

سیتا بولی سبزی والے — کیوں نہیں لائے آج کریلے

اچھّا توری لیمو دے دو — لاؤ مجھے کچھ آلو دے دو

سبزی والا سبزی لایا

سبزی لے لو سبزی لے لو

کوئی بولا ٹھیک سے تَولو　　تھوڑا سا دَھنیا بھی ڈالو
مِرچیں اور اَدرک بھی دے دو　　لو، یہ اپنے پیسے لے لو

سبزی والا سبزی لایا
سبزی لے لو سبزی لے لو

مشق

اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. سبزی والے نے سبزی بیچنے کے لیے کیا آواز لگائی؟
2. سبزی والے کے پاس کون سی سبزی نہیں تھی؟
3. سپنا نے سبزی والے سے کون کون سی سبزیاں خریدیں؟
4. اس نظم میں کن کن سبزیوں کے نام آئے ہیں؟

نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

1. بھِنڈی　=　| | | | |

2. بیگن =

3. ٹماٹر =

4. کریلا =

5. چُقندر =

تصویروں کی مدد سے خالی خانوں میں صحیح حرف لکھیے۔

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

1. ہر گھر پر ______ لگائی
2. کیوں نہیں لائے ______ کریلے
3. لاؤ مجھے ______ آلو دے دو
4. کوئی بولا ______ سے تولو
5. لو یہ اپنے ______ لے لو

نظم کی مدد سے حصہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے۔

الف	ب
1. سبزی والا سبزی لایا	کیوں نہیں لائے آج کریلے
2. میتھی، پالک، بینگن، توری	تھوڑا سا دَھنیا بھی ڈالو
3. سپنا بولی سبزی والے	سبزی لے لو سبزی لے لو
4. کوئی بولا ٹھیک سے تولو	لو یہ اپنے پیسے لے لو
5. مرچیں اور اَدرک بھی دے دو	ہری ملائم بھنڈی، گوبھی

سبزیوں کے نام ان کے رنگوں سے ملائیے۔

سبزی	رنگ
1. ٹماٹر	سفید
2. مؤلی	نیلا
3. بھِنڈی	لال
4. بیگن	ہرا
5. آلوٗ	خاکی

نیچے دی ہوئی سبزیوں کے نام لکھیے۔

1. ....

2. ....

3. ....

4. ....

5. ....

6. ....

7. ....

8. ....

سوچیے اور بتائیے۔

1. نظم میں دی گئی سبزیوں کے علاوہ آپ اور کن سبزیوں کے نام جانتے ہیں؟
2. کون سی سبزیاں کچّی بھی کھائی جاسکتی ہیں؟
3. پتّے والی سبزیوں کے نام بتائیے؟
4. اپنی پسند کی سبزیوں کے نام بتائیے؟

خوش خط لکھیے۔

سبزی

ٹماٹر

چُقندر

کریلے

دھنیا